| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: پاکستان کے اہم طبعی خدو خال |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- لوگوں کے مختلف پیشوں زراعت، کان کنی اور صنعت کاری کی نشاندہی کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کرکے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- پیشوں سے کیا مراد ہے؟
- مختلف پیشوں کے نام بتائیں۔

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا موقع دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 70 تا 72 متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں پاکستان کے مختلف خطوں میں رہنے والے لوگ مختلف پیشوں سے منسلک ہیں۔ ان پیشوں میں زراعت، صنعت کاری اور کان کنی شامل ہیں۔
- طلبہ کو زراعت کے متعلق آگاہ کریں کہ فصلیں اُگانے کو زراعت یا کھیتی باڑی کہتے ہیں۔ پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور اس کی معیشت کا انحصار زراعت پر ہے۔
- انھیں بتائیں میدانی علاقوں میں بسنے والے زیادہ تر لوگ زراعت کے پیشے سے وابستہ ہیں۔ موسم کی مناسبت سے یہاں کاشت ہونے والی فصلوں کو دو بڑے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ (1) فعل ربیع (2) فصل خریف ربیع کی فصل اکتوبر سے دسمبر کے مہینوں میں بوئی جاتی ہے جبکہ اپریل سے مئی کے مہینوں میں کاٹی جاتی ہے۔ خریف کی فصل اپریل سے جون کے مہینوں میں بوئی جاتی ہے جبکہ اکتوبر سے دسمبر کے مہینوں میں کاٹی جاتی ہے۔
- متن کی مدد سے ان فصلوں کے نام طلبہ کو بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں صنعت سے مراد ایسی جگہ یا تکنیکی شعبہ ہے جہاں سرمایہ دار خام مال اور قدرتی وسائل کو استعمال میں لاتے ہوئے مختلف اشیا بناتے ہیں۔

- انھیں پاکستان میں کام کرنے والی اہم صنعتوں کے نام بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو بے شمار معدنی ذخائر سے نوازا ہے۔ ان معدنیات میں کوئلہ، معدنی تیل، قدرتی گیس، ہیرے جواہرات وغیرہ شامل ہیں۔
- انھیں بتائیں سطح زمین کے نیچے سے قیمتی معدنیات اور دیگر اشیا نکالنا ''کان کنی'' کہلاتا ہے۔

**اعادہ** 3منٹ

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 5منٹ

متن کے حوالے سے طلبہ سے سوالات کے جوابات پوچھیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

مشق کا جزو (3) کتاب پر حل کر کے لائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی2 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 3 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: موسم اور آب و ہوا | باب پنجم: جغرافیہ |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- موسم اور آب و ہوا کی تعریف کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، فلیش کارڈز

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- ہمارے ملک میں کتنے موسم ہیں؟ نام بتائیں۔

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- کتاب کے صفحہ نمبر 74 سے متن (موسم اور آب و ہوا) طلبہ سے بھی پڑھوائیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے ''موسم'' اور ''آب و ہوا'' کا فرق بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ موسم کو انگریزی میں Weather کہتے ہیں جیسا کہ سورج، بادل، بارش، برف باری، نمی، ہواؤں کا چلنا وغیرہ۔
- انھیں بتائیں کہ آب و ہوا کو انگریزی میں climate کہتے ہیں جس سے مراد کسی مقام کی سردی، گرمی وغیرہ سے پیدا ہونے والی فضائی کیفیت ہے۔
- انھیں فلیش کارڈ کی مدد سے موسم اور آب و ہوا میں فرق کے بارے میں مختصراً بتائیں کہ موسم سے مراد کسی جگہ کی مختصر عرصے کی فضائی کیفیات ہیں۔ جبکہ آب و ہوا لمبے عرصے کے دوران اوسط فضائی کیفیت ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ موسم اور ان میں تبدیلی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔

**اعادہ** 3منٹ

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** 5منٹ

مشق جزو (ا) کا سوال (i) طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 3 |
| اُستاد کا نام: _______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: موسم اور آب و ہوا |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- موسم اور آب و ہوا کے عناصر درجہ حرارت، بارش اور ہوا کی شناخت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- موسم اور آب و ہوا میں کیا فرق ہے؟

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- کتاب کے صفحہ نمبر 74 تا 75 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔ طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو موسم کے عناصر کے بارے میں بتائیں انھیں بتائیں کہ ہم موسم میں ہونے والی تبدیلی کا اندازہ موسمی عناصر سے لگا سکتے ہیں۔ جیسے درجہ حرارت، بارش، ہوائیں وغیرہ۔
- انھیں متن کی مدد سے درجہ حرارت کا مطلب بتائیں۔ انھیں بتائیں حرارت، ”گرمائش اور ٹھنڈک“ کے درجہ کو کہا جاتا ہے جیسا کہ گرمی یا سردی کی شدت کو درجہ حرارت کہتے ہیں۔
- انھیں تھرمامیٹر (Thermometer) دکھائیں اور بتائیں کہ درجہ حرارت معلوم کرنے کے لیے اس آلہ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ طلبہ کو باری باری تھرمامیٹر (احتیاط) سے پکڑنے کو کہیں۔ انھیں تھرمامیٹر پر لکھا ہوا پیمانہ دکھائیں اور بتائیں کہ اس پیمانے کی مدد سے درجہ حرارت کی اکائیاں ماپی جاتی ہیں۔ انھیں بتائیں کہ یہ اکائیاں فارن ہائٹ یا سینٹی گریڈ کہلاتی ہیں۔
- اسی طرح طلبہ کو ریزش اور ہواؤں کے بارے میں بتائیں۔ انھیں متن کی مدد سے مقیاس المطر کا مطلب اور استعمال بتائیں۔

- طلبہ کو ''ہواؤں'' کا مطلب بتائیں۔ انھیں بتائیں ہماری زمین (کرۂ ارض) بہت سی گیسوں کا ایک مجموعہ ہے۔ یہاں سب سے زیادہ آکسیجن اور نائیٹروجن ہیں۔
- انھیں متن کی مدد سے باد نما اور باد پیما کا مطلب اور استعمال بتائیں کہ باد نما کو ہواؤں کا رخ جبکہ باد پیما کو ہوا کی رفتار کی پیمائش کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ انھیں بتائیں کہ رفتار کی پیمائش کلو میٹر فی گھنٹا کی اکائی سے کی جاتی ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے متن کے حوالے سے مشق میں دیے گئے سوالات کے جوابات پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال نمبر 1: دیے گئے آلات کو پہچان کر ان کے نام اور انھیں کس مقصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
|  |  |  |
| نام: ____________ | نام: ____________ | نام: ____________ |
| استعمال: ____________ | استعمال: ____________ | استعمال: ____________ |

سوال نمبر 2: تھرمامیٹر کی ساخت کے بارے میں بتائیں۔

جواب: ______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________